# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

چوتھی جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ابتدائیہ | • روز مرہ کی زندگی میں ہمارا واسطہ طرح طرح کے کیڑے مکوڑوں پرندوں اور جانوروں سے رہتا ہے۔ لیکن ہم ان کے بارے میں بہت سی ایسی باتوں سے واقف نہیں ہوتے جو کہ بہت دلچسپ اور معلوماتی ہوتی ہیں۔ مکڑی بھی ان ہی میں سے ایک ہے۔ ہر گھر میں کہیں نہ کہیں کبھی نہ کبھی مکڑی اپنا جالا ضرور بناتی ہے۔ لیکن یہ کس قدر دلچسپ جانور ہے۔ ہم میں سے زیادہ تر کو نہیں معلوم۔ اس کے بارے میں پڑھا کر ہم بچوں کی دلچسپی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کلاس میں جانے سے پہلے اگر ممکن ہو تو محدب عدسہ (magnifying glass) اور مکڑی کا بندوبست کر لیں۔<br>• کہانی کا ابتدائی حصہ آہستہ آہستہ اور تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ کتاب کچھ دیر کے لئے بند کر دیں اور مکڑیوں کے بارے میں اگر انہیں کچھ معلومات ہیں تو وہ بتائیں۔ بچوں کو جو بھی معلومات ہوں وہ سب سے سنیں اور اسے باری باری بلیک بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم مکڑیوں کے بارے میں مزید دلچسپ معلومات حاصل کریں گے۔ |
| 10 منٹ | • پھر کہانی کا باقی حصہ پڑھ کر سنائیں اور ان الفاظ کے معنی بھی سمجھائیں۔<br>جسامت۔ لگ بھگ۔ گوشت خور۔ ڈنک۔ |
| 5 منٹ | • ٹیچر بچوں سے پوچھیں کون سے جانور ڈنک مارتے ہیں اور کون سے کاٹتے ہیں۔ پھر بچوں کی دلچسپی مزید بڑھانے کے لئے درج ذیل کہانی سنائیں۔ |
| 5 منٹ | • مکڑی کے بارے میں ایک دلچسپ یونانی کہانی جو کچھ یوں ہے۔ یونان کی دیوی آرکندا اور منروا دونوں کا دعویٰ تھا کہ ان سے بہتر کوئی قالین نہیں بنا سکتا۔ دونوں میں قالین بننے کا مقابلہ ہوا۔ آرکندا |

کا قالین خوب صورت تھا لیکن لوگوں نے منروا کا قالین زیادہ پسند کیا۔ آرکندا نے غصے میں آ کر خود کشی کرلی۔ منروا کو یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوا۔ اس نے آرکندا کو مکڑی بنادیا اور اس دن سے آج تک آرکندا قالین کے بجائے خوبصورت جال بن رہی ہے۔

5 منٹ
- کہانی سنانے کے بعد ٹیچر کلاس کے چند بچوں سے کہانی اپنے الفاظ میں دوبارہ سنیں تاکہ اس بات کا اندازہ ہو سکے کہ یہ کہانی انہیں سمجھ آئی ہے یا نہیں۔ کہانی کے دونوں کرداروں کے نام ٹیچر اچھی طرح دہرائیں تاکہ بچے ان ناموں سے اچھی طرح واقف ہو جائیں۔

10 منٹ
- اس کام کے مکمل ہونے کے بعد باری باری بچوں کو محدب عدسے کی مدد سے مکڑی کو قریب سے دیکھنے کا موقع دیں۔
- بچے اچھی طرح سے مکڑی کا معائنہ کریں۔

گھر کا کام
- کہانی اچھی طرح پڑھیں۔ مکڑی کے بارے میں آپ کو جو باتیں سب سے زیادہ دلچسپ لگیں وہ خوشخط لکھیں۔ کتاب کے علاوہ مزید معلومات بھی لکھی جا سکتی ہے۔

## سیشن 2

10 منٹ
- ٹیچر بچوں کی مکڑی کے بارے میں لائی ہوئی معلومات ان کی زبانی سنیں۔ اس کے علاوہ درج ذیل معلومات بھی بچوں کو سنائیں۔ مکڑیاں تمام دنیا میں پائی جاتی ہیں اور ان کی ہزاروں قسمیں ہیں۔ مثلاً باغ کی مکڑی، گھریلو مکڑی، سرخ مکڑی، شکاری مکڑی، لڑن ٹولا، دھاری دار مکڑی، ریشم ساز مکڑی، پرندہ خور مکڑی، کیکڑا مکڑی، آبی مکڑی، سرخ پشت مکڑی۔
- بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ بچھو کا تعلق بھی مکڑی کے خاندان سے ہے۔ بچھو اپنی زیادہ عمر خشک زمین پر بسر کرتا ہے اور مکڑیوں سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ اس کی دم بلند ہوتی ہے جو اس کے بدن کے

اوپر مڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اس دم کے آخر میں زہر آلود ڈنک ہوتا ہے۔

10 منٹ
- اس کے بعد بچے اپنی اپنی کاپیوں میں مکڑی کی تصاویر بنائیں اور اس کے جسم کے مختلف حصوں کے ناموں کی نشاندہی کریں۔ یہ کام بچوں سے سادے کاغذ پر کروائیں۔ پھر بچوں کے ناموں کے ساتھ یہ کام ڈسپلے بورڈ پر لگائیں۔

10 منٹ
- درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنے کی زبانی مشق کروائیں۔

جسامت۔ لگ بھگ۔ گوشت خور۔ ڈنک۔ حفاظت۔ خطرہ۔

- انہی الفاظ کو گھر سے جملوں میں استعمال کر کے لائیں۔

15 منٹ
- آج کہانی کی پڑھائی دوبارہ کروائیں اور بچوں کی توجہ کہانی کے ان دو جملوں کی طرف کروائیں۔
- مکڑی مزے سے جھولا جھول رہی تھی . . .

تیز ہوا چلنے لگی اور مکڑی . . .

- بچے مندرجہ بالا جملوں میں سے کسی ایک جملے کا انتخاب کر کے اس کے حوالے سے مضمون کی لکھائی کا کام شروع کریں اور اپنے اپنے خیالات تحریر کریں کہ اگر اچانک مکڑی چھت سے ان پر گر پڑے تو کیا ہو۔

یا

- تیز ہواؤں کے چلنے کے بعد مکڑی کہاں کہاں گھومتی پھری اور اس نے کہاں کہاں کی سیر کی۔ اس سیر کے دوران اس نے کیا کیا دیکھا؟

گھر کا کام
- مضمون کی لکھائی مکمل کریں۔ لکھا ہوا مضمون باآواز بلند پڑھ کر امی / ابو کو سنائیں۔ جہاں املا کی اصلاح کی ضرورت ہو وہاں اصلاح کریں۔
- مکڑیوں کے بارے میں معلوماتی booklet بنا کر دو ہفتہ بعد لائیں۔ ٹیچر معلومات حاصل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- آج بچوں کی توجہ کہانی کے ان جملوں کی طرف دلائیں۔ ہاتھ کے برابر بڑی۔ نقطے کے برابر چھوٹی۔
- بچوں کو بتائیں کہ کلام میں خوبصورتی پیدا کرنے کے لئے مناسب اور موزوں تشبیہات دی جاتی ہیں۔ اس سے بات سمجھانے میں آسانی ہوتی ہے۔ پہلے ٹیچر بچوں کو چند مثالیں دیں۔ مثلاً چاندی جیسا سفید' سانپ کی طرح زہریلا۔ اس کے بعد بچوں سے چند مثالیں پوچھیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس فہرست میں ان مثالوں کو بھی شامل کریں۔

| | |
|---|---|
| تلوار کی طرح تیز | کوئلے کی طرح سیاہ |
| لومڑی کی طرح مکار | چٹان کی طرح سخت |
| نیم جیسا کڑوا | موم کی طرح نرم |

- بچے اس فہرست کو اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

گھر کا کام

- کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔ کل سوال جواب کروائے جائیں گے۔

## سیشن 4

45 منٹ

- آج بچوں سے درج ذیل سوالات کے جوابات کروائیں۔

(۱) مکڑیاں کتنی اقسام کی ہوتی ہیں؟ اور وہ کیڑوں کو مارنے کے لئے کیا کرتی ہیں؟

(۲) مکڑیوں کے جالوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(۳) مکڑی کی تصویر بنا کر اس کے جسم کے مختلف حصوں کی نشاندہی کریں۔

(۴) یونان کی دونوں دیویوں کے نام لکھیں؟

(۵) الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

لگ بھگ۔ شکار۔ ڈور۔ قسمیں۔ دلچسپ۔

| | |
|---|---|
| نوٹ | • ٹیچر ان سوالات میں تبدیلی اپنی کلاس کے معیار کے مطابق کر سکتی ہیں۔ |

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج بچوں کو علامہ اقبال کی نظم مکڑا اور مکھی سنائیں۔ کلاس میں جانے سے پہلے نظم خوشخط چارٹ پیپر پر لکھ کر لائیں یا اس نظم کو خوشخط لکھ کر فوٹو کاپی کروائیں۔ |
| 25 منٹ | • ایک مرتبہ نظم سنانے کے بعد دوبارہ یہ نظم کلاس کے بچے ڈرامائی طریقے سے پڑھیں۔ ایک بچہ مکھی اور دوسرا بچہ مکڑے کا کردار پڑھے اور تیسرا کہانی سنائے۔ مثلاً<br>ایک دن کسی مکھی سے کہنے لگا مکڑا یا مکڑے نے کہا |
| گھر کا کام | • امی ابو کی مدد سے نظم ایک مکڑا اور مکھی کو تصویری شکل دے کر لائیں۔ |

## سیشن 6

| | |
|---|---|
| 45 منٹ | • بچے نظم کو جو تصویری شکل دے کر لائے ہوں اس کو سوفٹ بورڈ پر ڈسپلے کریں۔ ساتھ ہی ساتھ بچے جو کتابچہ بنا کر لائے ہیں اس کو بھی ڈسپلے کریں تاکہ اسکول کے دوسرے بچے انہیں دیکھ سکیں۔ |
| نوٹ | • اس ٹیچرز گائیڈ میں نظم مکڑا اور مکھی کے علاوہ اسماعیل میرٹھی کی نظم "محنت کر" بھی دی جارہی ہے۔ اساتذہ اگر چاہیں تو بچوں کی دلچسپی حاصل کرنے کے لئے یہ نظم بھی سنا سکتی ہیں۔ |

# محنت کر

مکڑی نے کیا جالا تانا
کیسا اچھا تانا بانا

آخر اس نے کیوں کر جانا
اس سے ملے گا مجھ کو کھانا

جس نے مکڑی پیدا کی ہے
اس نے اتنی عقل بھی دی ہے

روزی کا کیوں تجھ کو غم ہے
مکڑی سے بھی کیا تو کم ہے

جب تک تیرے دم میں دم ہے
ہاتھ میں کاغذ اور قلم ہے

سیکھ لے بابا علم وہنر کو
محنت کر تو محنت کر

- مکڑیوں کے بارے میں معلومات کو چارٹ پیپر پر لکھ کر کلاس میں لگائیں۔

## مکڑیوں کے بارے میں اضافی معلومات

- مکڑی اپنے جسم سے ایک رطوبت خارج کرتی ہے جو فورا ہی ریشمی دھاگے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ مکڑی اس دھاگے سے ایک جال بنتی ہے۔ یہ جال مکڑی کا گھر بھی ہوتا ہے اور کیڑے مکوڑوں کو پھانسنے کا ایک ذریعہ بھی۔ کیڑے مکوڑے اس جال میں اس بری طرح سے الجھتے ہیں کہ پھر کبھی نکل نہیں سکتے اور مکڑی کا شکار بن جاتے ہیں۔
- مختلف قسم کی مکڑیاں مختلف جسامت کی ہوتی ہیں۔ یہ چھوٹی بھی ہوتی ہیں اور بڑی بھی۔ مکڑی کی آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں۔ اس لئے اس کا شمار کیڑے مکوڑوں میں نہیں ہوتا کیونکہ کیڑے مکوڑوں کی چھ ٹانگیں ہوا کرتی ہیں۔ اپنی قسم کے لحاظ سے مکڑیاں الگ الگ طریقوں سے اپنا جال بنتی ہیں۔ جال بنانے کے نمونے سے مکڑی کی قسم کو پہچانا جا سکتا ہے۔ مکڑی کی آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود مکڑی کی نظر کمزور ہوتی ہے۔
- مکڑی کو اسلامی اعتبار سے اچھا سمجھا جاتا ہے کیونکہ جب حضرت محمد ﷺ مکے سے مدینے ہجرت فرما رہے تھے یہ مکڑی ہی تھی جس نے اپنا جال بن کر ان کی جان بچائی تھی۔

## گھریلو مکڑی

- یہ ایک عام مکڑی ہے جو زیادہ تر گھروں میں پائی جاتی ہے۔ اس مکڑی کے جال کے تار ایک گچھے کی طرح آپس میں ملے ہوتے ہیں۔ یہ مکڑی صرف اس وقت باہر آتی ہے جب کوئی کیڑا اس کے جال میں پھنس جاتا ہے۔

## سرخ مکڑی


- سرخ مکڑی دوسری مکڑیوں سے نسبتاً بڑی ہوتی ہے۔ جال اس طرح بنتی ہے جو بڑے بڑے کاغذ معلوم ہوتے ہیں۔ یہ مکڑی ہمیشہ آباد جگہوں میں رہتی ہے۔

## شکاری مکڑی

- شکاری مکڑی تار نہیں بنتی بلکہ ان میں سے اکثر زمین کے اندر بلوں میں زندگی گزارتی ہیں اور شکار کے لئے سوراخوں سے باہر آتی ہیں۔

## لڑن ٹولا

- لڑن ٹولا مکڑی یورپ کے مختلف علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ یہ بہت تیزی سے اپنے شکار کا پیچھا کرتی ہے اور اپنے دانتوں کے زہر سے شکار کو ہلاک کر دیتی ہے۔ مکڑی کی یہ قسم بظاہر خطرناک نظر آتی ہے لیکن اس کا زہر انسان کی موت کا سبب نہیں بنتا ہے۔



## ریشم ساز مکڑی

- ریشم ساز مکڑی اپنا گھر زمین میں بناتی ہے۔ اپنے دانتوں سے زمین میں سوراخ کرتی ہے اور اس کی دیواروں کو تاروں سے ڈھانپ دیتی ہے۔

## کیکڑا مکڑی

- کیکڑا مکڑی بہت ہوشیاری سے شکار کرتی ہے۔ یہ پھول میں چھپ کر بیٹھتی ہے اور ان بھنوروں کا انتظار کرتی ہے جو پھولوں سے رس چوسنے کے لئے آتے ہیں۔ وہ بھنورے اس مکڑی کو نہیں دیکھ سکتے کیونکہ عموماً وہ اپنے ہم رنگ پھولوں میں اس طرح بیٹھتی ہیں کہ یوں لگتا ہے جیسے وہ بھی پھول کا کوئی حصہ ہے۔

## آبی مکڑی

- آبی مکڑی اپنا گھر پانی کے نیچے بناتی ہے۔ یہ مکڑی پہلے ایک جال بنتی ہے۔ پھر ہوا کے بلبلوں کو پانی کے نیچے لاتی ہے تاکہ اس جال کو ان بلبلوں سے پر کرے۔ یہ گھر واٹر پروف گیند کی مانند ہوتا ہے۔



## سرخ پشت مکڑی

- مکڑیاں زیادہ تر انسان کو ڈنک نہیں مارتی ہیں لیکن سرخ پشت مکڑی بڑی خطرناک ہوتی ہے۔ یہ امریکا اور آسٹریلیا میں پائی جاتی ہے۔

نوٹ



- بچوں کی دلچسپی بڑھانے کے لئے ٹیچرز گائیڈ میں اون۔ تلی کی مدد سے مکڑی بنانے کا طریقہ دیا جارہا

ہے۔ ٹیچر اپنی سہولت کے مطابق اسے کسی بھی سیشن میں کروا سکتی ہیں۔

(۱) دو فٹ لمبا سوت یا اون کاٹ لیں۔

(۲) تین انچ لمبا اور دو انچ چوڑا گتے کا ایک حصہ کاٹ کر رکھیں۔


(۳) گتے کے ارد گرد ایک میٹر سوت یا اون لپیٹیں۔ (اون کو زیادہ زور سے مت لپیٹیں ورنہ پھر اسے نکالنا مشکل ہو جائے گا۔)

(۴) دھیان سے اون ہٹائیں اور کوشش کریں کہ اون کی گولائی کی شکل تبدیل نہ ہو۔



(۵) pipecleaner یا جھاڑو کی تیلیوں کو اون کے اوپر رکھیں اور مضبوطی سے دو فٹ لمبے اون کو گتے کے اطراف میں باندھ دیں۔

(۶) اون کو کناروں سے کاٹیں تاکہ گول دائرہ بن جائے۔



(۷) اب تیلیوں کو موڑ کر مکڑی کی ٹانگیں بنائیں اور بٹن یا کسی بھی گول چیز کی مدد سے مکڑی کی آنکھیں بنائیں۔

- پہلے ٹیچر تجرباتی طور پر خود ایک مکڑی بنائیں اس کے بعد کلاس کے بچوں سے یہ کام کروائیں اور بنی ہوئی مکڑیاں کلاس میں ڈوری پر لٹکائیں۔ ساتھ میں بچے کا نام بھی لکھیں۔

# جھولا جھولتی مکڑی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale